


صدر تھامس ایس۔ مانسن

# خداوند کو مشنریوں کی ضرورت ہے

پچھلے اکتوبر کی جنرل کانفرنس میں، مَیں نے زیادہ لوگوں کو مشنری بلاہٹ پانے کے لئے کہا۔ ہر ایک اہل، قابل ینگ مین کو مشن کی خدمت کے لئے تیار ہونا چاہیے۔ ایسی خدمت ایک کہانتی فرض اور لازم ہے جس کی توقع خداوند ہم جیسوں سے کرتا ہے جنہیں کو بہت زیادہ عطا کیا گیا ہے۔ ینگ مین، مَیں آپ کو بطور مشنری خدمت کی تیاری کی نصیحت کرتا ہوں۔ خُداوند کی نمائندگی کے لئے اپنے آپ کو صاف اور خالص اور اہل رکھو۔ اپنی صحت اور طاقت کو برقرار رکھو۔ صحائف کا مطالعہ کرو۔ جہاں سیمنری اور انسٹی ٹیوٹ کی سہولت ہو، وہاں ضرور شرکت کریں۔ مشنری ہینڈ بک میری انجیل کا پرچار کرو سے زیادہ سے زیادہ شناسا ہوں۔

بہنو، اگرچہ آپ کے پاس ینگ مین کی طرح کُل وقتی مشنریوں کے طور پر کہانتی ذمہ داری تو نہیں ہے، مگر بطور مشنری آپ کا حصہ بھی اہم ہے، اور ہم آپ کی خدمت کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

کلیسیا میں بالغ بہنوں اور بھائیوں کو، میں یاد دلاتا ہوں کہ خداوند آپ میں سے بہت ساروں کو کُل وقتی مشنری کی خدمت کے طور پر چاہتا ہے۔ اگر ابھی آپ جوڑے مشنری کی خدمت کی عمر تک نہیں پہنچے، تو میں آپ کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ آج کے دن سے اس کی تیاری شروع کریں، کہ جب آپ کے حالات اجازت دیں تو آپ اور آپ کا ساتھی ایسا کر سکیں۔ آپ کی زندگیوں میں جلد ایسے موقع آئیں گے جب آپ اُس خوشگوار روح اور اطمینان سے لطف اندوز ہوں گے جو مالک کے کام میں مل کر کُل وقتی خدمت کرنے سے ملتا ہے۔

ہو سکتا ہے، ابھی آپ میں سے فطرتاً کچھ شرمانے والے ہوں یا خدمت کی آواز کے بدلے مثبت جواب دینے کے لئے اپنے آپ کو غیر مناسب جانتے ہوں۔ مگر، یاد رکھیں کہ یہ خداوند کا کام ہے، اور جب ہم اُس کے کام میں ہوتے ہیں، تو ہمیں کو خداوند سے مدد ملتی ہے۔ خداوند ہمیں ہمارے بوجھ اُٹھانے کے قابل بنا دے گا

دوسرا، وہ جو خدمت کے اہل تو ہیں، مگر مشنری خدمت کی نسبت چند اور ترجیحی چیزوں کا احساس رکھتے ہیں۔ اچھا اس کے لئے میں خداوند کے وعدہ کو یاد کرتا ہوں: ”جو میری عزت کرتے ہیں میں اُن کی عزت کروں گا“ (۱ سموئیل ۲:۳۰)۔ ایک جانثار اور رحمدل مشنری خدمت سے زیادہ ہم میں سے کوئی بھی آسمانی باپ اور نجات دہندہ کی بہتر طور پر عزت نہیں کر سکتا ہے

مشنری تجربے کی ایسی خدمت کا ایک نمونہ جولیسز اور ڈور تھی فیوسک کا تھا جنہیں پولینڈ میں مشن کی خدمت کے لئے بلاہٹ ملی۔ بھائی فیوسک پولینڈ میں پیدا ہوا۔ وہ وہاں کی زبان بولتا تھا۔ وہ وہاں کے لوگوں سے پیار کرتا تھا۔ جب کہ بہن فیوسک انگلستان میں پیدا ہوئی تھی اور پولینڈ اور وہاں کے لوگوں کے بارے اتنا نہ جانتی تھی۔ خُداوند پر بھروسہ رکھتے ہوئے، وہ اس تفویض کردہ کام کی مہم میں شریک ہو گئے۔ اُن کا کام بہت زیادہ اور مشکل تھا جسے اُنہوں نے اکیلے ہی کرنا تھا۔ اُس وقت پولینڈ میں کوئی مشن قائم نہ ہوا تھا۔ جو کام فیوسکس کو دیا گیا تھا وہ اُس راہ کی تیاری تھی تاکہ بعد میں ایک مشن کو قائم کیا جا سکے۔

کیا اپنے کام کی زیادتی کے باعث ایلڈر اور بہن فیوسک مایوس ہو گئے تھے؟ نہیں ایک لمحہ کے لئے بھی ایسا نہ ہوا۔ بلکہ وہ جانتے تھے کہ اُن کی بلاہٹ خدا کی طرف سے تھی۔ اُنہوں نے اُس کی الٰہی مدد کے لئے دعا کی، اور اُنہوں نے اُس کے کام کے لئے پورے طور پر اپنے آپ کو وقف کر دیا۔

اُس دوران بارہ رسولوں کی جماعت سے ایلڈر رسل ایم۔ نیلسن؛ ایلڈر ہانس بی۔ رنگر، جو اُس وقت ستر کے رکن تھے؛ اور میں، ایلڈر فوسک کے ہمراہ پولینڈ حکومت کے مذہبی امور کے وزیر ایڈم وویاٹکا سے ملے۔ ہم نے اُس کو یہ کہتے سُنا، ”آپ کی کلیسیا کو یہاں پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ آپ اپنی عمارتیں تعمیر کر سکتے ہیں؛ آپ اپنے مشنری بھیج سکتے ہیں۔ اس شخص نے ”جو لیسز فیوسک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا، ”آپکی کلیسیا کی خوب خدمت کی ہے۔ آپ اس کے نمونے اور کام کے لئے شکر گزار ہو سکتے ہیں۔“

فیوسکس کی طرح، آئیں ہم وہ کریں جو ہم کو خداوند کے کام میں کرنا چاہیے۔ پھر ہم جو لیسز اور ڈور تھی فیوسک کے ساتھ مل کر اُونچی آواز میں زبور پڑھتے ہیں:

”میری کُمک خُداوند سے ہے، جس نے آسمان اور زمین کو بنایا۔

”۔۔۔وہ تیرے پاؤں کو پھسلنے نہ دے گا۔

”دیکھ، اسرائیل کا محافظ نہ اُونگھے گا نہ سوئے گا“ (زبور ۱۲۱:۲–۴)

---

## اس پیغام سے تعلیمات

تدریس، عظیم بلاہٹ نہیں، بتاتی ہے: ”ذاتی تجربہ بیان کریں کہ انجیلی اصولوں کے مطابق زندگی گزارنے سے آپ کی زندگی کیسے بابرکت ہوئی ہے۔ جن کو آپ تعلیم دیتے ہیں اُن کو بھی اپنے تجربات مختصر طور پر بیان کرنے دیں“ ([۱۹۹۹]، ۱۵۹)۔ اس پیغام کو پڑھیں اور پھر خاندان کے ارکان سے پوچھیں کہ صدر مانسن نے کن کے لئے کہا ہے کہ اُن کو مشن کی خدمت کرنی چاہیے۔ ذاتی تجربات بیان کریں اگر آپ نے یا کسی اور نے کُل وقتی مشنریوں کے طور پر خدمت کی ہے۔ یا مستقبل میں مشنری خدمت کے منصوبے کے بارے بیان کریں۔ خاندان کے ارکان سے کہیں کہ وہ اپنے منصوبے اور مثبت تجربات بیان کریں۔

## نوجوان

### مستقبل کی طرف بڑھیں

پیٹر ایونز اور رچرڈ ایم۔ رومنی

بہت سارے نوجوان مشن کی خدمت کے لئے معاشی طور پر تیار ہوتے ہیں۔ افریقہ میں پاسپورٹ کے لئے کافی کمانا اس تیاری کا ایک حصہ ہے۔ شیڈرک ٹشیام بائن نے اس ضرورت کے لئے ایک تخلیقی منصوبے سے: یعنی اپنے بائیسکل کی پشت پر کیلے بیچتے ہوئے یہ رقم کمائی۔

شیڈرک عوامی جمہوریہ کانگو کے شہر لوپاٹا میں رہتا ہے۔ وہ لوپاٹا ڈسٹرکٹ کے اُن ۴۵ نوجوانوں میں سے ایک ہے جو مشن پر جانے کے لئے پاسپورٹ کی خاطر رقم جمع کرنے کے لئے کام کر رہے ہیں۔ جمہوریہ کانگو میں پاسپورٹ بنانے پر ۲۵۰ امریکی ڈالر لاگت آتی ہے، جو وہاں پر ایک عام گھر کی تعمیر کرنے کی لاگت کا دو تہائی حصہ ہے۔

مگر شیڈرک اس معاملے میں کافی دلیر تھا۔ اُس نے مشن کے لئے پیسہ لوپاٹا سے ۱۵۔۳۰ کلومیٹرز (۹–۱۰ میل) دُور چھوٹے دیہاتوں میں جا کر کمایا، جہاں سے وہ کیلے خرید تا تھا اور پھر گرم افریقی سوانا سے سائیکل چلا کر گزرتا، اس وقت اُس کی سائیکل کیلوں سے لدی ہوتی تھی جو وہ شہر میں بیچتا تھا۔ ہر ایک ہفتے وہ کوئی ۱۸۰ کلومیٹرز (۱۱۲ میل) ریتلی سڑکوں کے ساتھ سفر کرتا، اور اس سارے عرصے میں صرف ایک مرتبہ اُس کی لدی ہوئی سائیکل غیر متوازن ہو کر لڑھکی۔

اس کوشش سے شیڈرک 1.25 امریکی ڈالر ہفتے کے، یا ۶۵ امریکی ڈالر سال کے کماتا تھا۔ اپنا پاسپورٹ بنانے کے واسطے رقم جمع کرنے کے لئے اُس کو چار سال لگے، مگر اب وہ جانتا ہے کہ اُس کے مستقبل میں کُل وقتی مشن شامل ہے کیوں کہ وہ اس بلاہٹ کی خدمت کے جواب میں معاشی طور پر تیار ہے۔

## بچے

### میں تیاری کروں گا جب میں جوان ہوں گا

مشن کی خدمت کی تیاری کے واسطے صدر تھامس۔ ایس مانسن کی پکار کو بچوں کو یاد رکھنے میں مدد دیں، نیچے دیئے گئے متن کے ساتھ اپنے بچوں کی یاد دہانی طور پر دستخط شدہ ایک سرٹیفکیٹ تیار کرنے کے بارے غور وخوض کریں، یہ سرٹیفکیٹ اُن کی دیوار پر لٹکائیں یا روزنامچے میں رکھیں۔

### میں تیار ہوں گا

صدر تھامس ایس۔ مانسن نے مشن کی خدمت کی تیاری
کے لئے پکارا ہے۔ میں تیار ہوں گا:

- اپنے آپ کو صاف اور خالص اور اہل رکھتے ہوئے خداوند کی نمائندگی کرنے کے لئے۔
- اپنی صحت اور طاقت کو برقرار رکھتے ہوئے
- مطالعہ صحائف اور دعا کرتے ہوئے

میں مشن کی خدمت کے لئے تیار ہوں گا

---

دستخط

©2011 by Intellectual Reserve, Inc. ۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ انڈیا میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی :6/09۔ اجازت برائے ترجمہ :6/09۔ صدارتی مجلس اعلیٰ کا پیغام، جنوری ۲۰۱۱ء کا Urdu ترجمہ۔ 09761 434

ایمان • خاندان • ریلیف

# ریلیف سوسائٹی کی تاریخ اور ترجمہ

اس مواد کا مطالعہ کریں، جب مناسب ہو، اس کے بارے اُن بہنوں کے ساتھ گفتگو کریں جن سے ملاقات کرتی ہیں۔ زندگی کا معروف حصہ بنائیں۔

**علیزا** آر۔ سنو نبی جوزف سمتھ کی تعلیمات کو یاد کرتی ہیں کہ ”اگر [ریلیف سوسائٹی] کا نام جدید زمانے کا ہے، مگر اس ادارے کی بنیاد قدیم سے ہے۔“[1]

آسمانی باپ اور اُس کے بیٹے، یسوع مسیح، نے جوزف سمتھ سے ملاقات کی اور، اُس کے وسیلے سے، زمین پر انجیل کی معموری کو بحال کیا۔ ریلیف سوسائٹی اُس بحالیت کا حصہ تھی۔ جب تک بہنوں کو منظم نہیں کیا گیا تھا کلیسیا کی تنظیم مکمل نہ ہوئی تھی۔[2]

آنے والے مہینوں میں، ہر ایک خاندانی معلماتی پیغام ہم کو ریلیف سوسائٹی کی تاریخ اور بحال کردہ انجیل میں اس کے حصے کے بارے زیادہ سیکھنے کا موقع دے گا۔ بہت ساری وجوہات کے باعث، اپنی تاریخ کے بارے فہم نہ صرف اہم بلکہ ضروری بھی ہے۔

پہلے، اپنی تاریخ کے بارے فہم ہم کو خدا کی خواتین بننے کی تحریک بخشتا ہے جو بننے کی ہم کو ضرورت ہے۔ مقدسین آخری ایام کی عالی شان خواتین کی مثالوں کی پیروی کرنے کے باعث، ہم ماضی سے سیکھ سکتی ہیں کہ مستقبل کا کس طرح سے سامنا کرنا ہے۔[3]

دوسرا، ہماری تاریخ ہم کو سکھاتی ہے کہ وہی اصول جو ابتدائی کلیسیا میں پائے جاتے ہیں آج ہمارے بنیادی اصول ہیں۔ یہ علم اور مقاصد —— ایمان اور راستبازی بڑھانا، خاندانوں اور گھروں کو مضبوط کرنا اور ضرورت مندوں کی مدد کرنا —— ہمارے ماضی اور حال میں تعلق پیدا کرتے ہیں۔

تیسرا، جب ہم اپنی تاریخ کی قدر کرتی ہیں، تو ہم اپنے روحانی ورثے کو بہتر طور پر بیان کر سکتی ہیں۔ صدر ہنری بی۔ آئرنگ، صدارتی مجلس اعلیٰ میں مشیر اول نے کہا: ”جب آپ محبت کا تحفہ پانے میں دوسروں کی مدد کرتی ہیں تو ورثے کو آگے منتقل کرتی ہیں۔۔۔ ریلیف سوسائٹی کی تاریخ کو لفظی اور عددی طور پر قلم بند کیا گیا ہے، مگر ورثہ کو ایک سے دوسرے دل میں منتقل کیا جاتا ہے۔“[4]

بالآخر، اپنی تاریخ کے بارے فہم مستقبل کی ریلیف سوسائٹی کا موثر حصہ بننے کے طور پر ہماری مدد کرتا ہے۔ صدر سپنسر ڈبلیو۔ قمبل (۱۸۹۵–۱۹۸۵) نے واضح کیا، ’ہم جانتے ہیں کہ وہ خواتین جو دِل سے ماضی کو سراہتی ہیں وہ راست باز مستقبل بنانے کے بارے فکر مند ہوں گی۔“[5]

جولی بی۔ بیک، ریلیف سوسائٹی کی جنرل صدر۔

## صحائف سے

آستر ۴:۱۴–۱۶؛ رومیوں ۱۶:۱–۲؛ ایلما ۸:۳۳؛ مرونی ۷:۴۵–۴۷

## ہماری تاریخ سے

”ریلیف سوسائٹی خواتین کے لئے خداوند کی تنظیم ہے۔“[6] ایک نبی کے طور پر اہلیت سے، جوزف سمتھ نے ۱۷ مارچ، ۱۸۴۲ء کو ریلیف سوسائٹی کی تنظیم بنائی۔ مختلف قسم کی خواتین کے چھوٹے سے گروہ کی پہلے مجلس میں خواتین کی تقدیس کی گئی، بالکل ایسے ہی جس طرح سے آج ریلیف سوسائٹی بہنوں کی تقدیس کی جاتی ہے۔ ”سب سے چھوٹی تین نوخیز تھیں، اور سب سے بوڑھی، خاتون اپنی عمر کے پچاس کے عشرے میں تھی۔ گیارہ خواتین شادی شدہ تھیں، دو بیوائیں تھیں، چھ غیر شادہ شدہ تھیں، اور ایک کی ازدواجی حیثیت کے بارے معلوم نہیں۔ اُن کے معاشی حالات کی طرح، اُن کی تعلیم اور پس منظر میں بہت زیادہ فرق تھا۔ جیسے جیسے اس تنظیم کی رکنیت بڑھنا جاری رہی ان کے درمیان یہ امتیاز بڑھتا گیا، مگر وہ ایک تھیں اور ایک ہی بن کر اپنے کام کو جاری رکھا۔“[7]

### نوٹس

۱۔ علیزا آر۔ سنو، "Female Relief Society," *Deseret News*, اپریل ۲۲، ۱۸۶۸ء، ۸۱۔
۲۔ دیکھئے کلیسیائی صدور کی تعلیمات: جوزف سمتھ (۲۰۰۷ء)، ۴۵۱۔
۳۔ دیکھئے ایل۔ ٹام پیری، "The Past Way of Facing the Future," لیحونا، نومبر ۲۰۰۹ء، ۷۳–۷۶
۴۔ ہنری بی۔ آئرنگ، "The Enduring Legacy of Relief Society," لیحونا، نومبر ۲۰۰۹ء، ۱۲۴–۲۵
۵۔ سپنسر ڈبلیو، قمبل، "Privileges and Responsibilities of Sisters," اینزائن، نومبر، ۱۹۷۸ء، ۱۰۴
۶۔ سپنسر ڈبلیو۔ قمبل، "Relief Society-Its Promise and Potential," اینزائن، مارچ، ۱۹۷۶ء، ۴
۷۔ جل میلوے، جاناتھن، رسل کینن، اور مورین ارسنباچھ بیچر، عہد کی خواتین، (۱۹۹۲)، ۲۸

### میں کیا کر سکتی ہوں؟

۱۔ جن بہنوں سے میں ملاقات کرتی ہوں محبت کا تحفہ وصول کرنے میں اُن کی مدد کیسے کر سکتی ہوں؟

۲۔ اپنے مستقبل کو راستبازی میں ڈھالنے کے واسطے میں اس مہینے مدد کے لئے کس چیز کا آغاز کر سکتی ہوں؟ اپنے خاندان کے لئے؟ دوسروں کے لئے؟

مزید معلومات کے لئے، www.reliefsociety.lds.org پر جائیں۔

© 2011 by Intellectual Reserve, Inc ۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ انڈیا میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/09۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/09۔ خاندانی معلماتی پیغام جنوری ۲۰۱۱ء کا Urdu ترجمہ۔ 09761 434